باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED مستونگ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Reg # 190-C

روزنامہ عصرِ نو مستونگ

Daily ASR-E-NAU Mastung

Member APNS/CPNE

چیف ایڈیٹر: علی البڑی

قیمت 10 روپے

Daily.asrenau@gmail.com

جلد نمبر 27 | بدھ 03 اگست 2026ء | 19 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 8 | شمارہ نمبر 174

نوشکی میں سیکیورٹی فورسز کا بڑا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 17 مسلح افراد ہلاک

بلوچستان میں پائیدار امن قائم ہو، عوام خود کو محفوظ محسوس کریں اور ترقی کا سفر کسی رکاوٹ کے بغیر آگے بڑھ سکے، حکومت اور ریاستی ادارے دہشت گردی کے خلاف اپنی جدوجہد کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہیں اور بلوچستان کے امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

دہشت گردوں ماضی میں اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب ہوئے اور نہ ہی آئندہ کامیاب ہوں گے، کیونکہ پوری قوم، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خلاف ایک صفحے پر متحد ہیں، حکومت بلوچستان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے قومی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کوئٹہ/نوشکی (اردو پنڈی (یو این اے) پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے دعویٰ کیا ہے کہ بلوچستان کے ضلع نوشکی میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کیے گئے ایک بڑے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (آئی بی او) کے دوران مجموعی طور پر

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خاران حملے کے بعد بلوچستان بھر میں ہائی الرٹ، داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ شروع

شہریوں سے افواہوں پر کان نہ دھرنے، غیر مصدقہ اطلاعات سوشل میڈیا پر شیئر نہ کرنے اور صرف سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی معلومات پر اعتماد کرنے کی بھی اپیل کی گئی ہے

کوئٹہ (یو این اے) ضلع خاران میں پیش آنے والے مبینہ مسلح حملے کے بعد بلوچستان بھر میں سیکیورٹی کی صورتحال کے پیش نظر اضلاع کے پولیس افسران اور ہائی کمانڈروں کو فوری طور پر اپنی اپنی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آزاد کشمیر انتخابات کا دوسرا مرحلہ، ن لیگ کو برتری حاصل

آزاد کشمیر عام انتخابات کے دوسرا مرحلہ میں وادی ایل اے 44 ضلع مری کے تمام 3 پولنگ اسٹیشنز نتائج میں غیر حتمی اور غیر سرکاری نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کلین سویپ کر گئی، مجموعی طور پر مسلم لیگ (ن) کے احمد رضا قادری 331 ووٹ لے کر پہلے نمبر پر رہے

پی پی، استحکام پاکستان پارٹی کی جانب سے مبینہ دھاندلی اور بے ضابطگیوں کے الزامات عائد، کارکنوں میں تلخ کلامی بھی ہوئی، لیگی امیدواروں کے حامیوں کا نتائج آنے کے بعد جشن، ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے گئے، مٹھائیاں تقسیم کی گئیں

مری کے انکانا، گجرات اپر کوہالہ اور ہجیرہ میں ہونے والے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کو دوسری جماعتوں پر سبقت حاصل ہے

مختلف حلقوں سے موصول ہونے والے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کو دوسری جماعتوں پر سبقت حاصل ہے

ہجیرہ، پیپلز پارٹی اور استحکام پاکستان پارٹی کے امیدوار بھی میدان میں موجود ہیں، پولنگ اسٹیشن نمبر 29 کے غیر حتمی غیر سرکاری نتیجے

پنجاب کے مختلف مقامات پر پولنگ ہوئی، کوٹ فواد الہ اسٹیشن نمبر 2 گوجرانوالہ پولنگ اسٹیشن نمبر 29 کے غیر حتمی غیر سرکاری نتیجے

کے مطابق مقامات پر سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کے درمیان تلخ کلامی بھی ہوئی، آزاد

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لوک گلوکار گل میر جمالی ملاقات کر رہے ہیں

ٹرمپ نے ایران پر بڑے حملے کا منصوبہ مخر کر دیا

حملے نہ کرنے کی کوئی درخواست نہیں کی، ایران نے ٹرمپ کی تردید کر دی

تہران/واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ انہوں نے ایران پر مجوزہ حملہ ممنوع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم یہ فیصلہ اس شرط سے مشروط ہے کہ ایران کے ساتھ جلد کسی معاہدے تک پہنچا جا سکے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے

کے مطابق ٹرمپ نے کہا کہ اگر تیزی سے معاہدہ ممکن ہوا تو حملہ نہیں کیا جائے گا جبکہ اسرائیلی بھی اس موقف میں امریکا کے ساتھ ہے۔ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران اور مشرق وسطیٰ کے کچھ دیگر ممالک نے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے فون پر رابطہ ہوا ہے، ایرانی وزیر خارجہ

ایران کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دینے کے لیے تیار ہے، عباس عراقچی

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کسی بھی ایڈونچر سے باز رہے۔ فیرنٹی میڈیا کے مطابق ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سعودی اور ترک وزرائے خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ اس موقع پر عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دینے کے لیے تیار ہے، تاہم یہ بھی کہا کہ کسی بھی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

غزہ میں اسرائیل کا تازہ حملہ، 9 شہید، 18 فلسطینی گرفتار

اسرائیلی حکام نے بیت جالا قصبے میں تین فلسطینیوں کو اپنے مکانات مسمار کرنے کا حکم بھی دیا

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں اسرائیلی قابض فوج کے تازہ حملوں میں 9 فلسطینی ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے جبکہ اسرائیلی فورسز نے مغربی کنارے میں چھاپہ مارا اور 18 فلسطینی گرفتار کر لیے۔ فلسطینی خبر رساں ایجنسی کے مطابق غزہ شہر کے شمال مغرب

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آپریشن 11 گرج کے تحت کارروائی، فتن الخوارج کے 10 دہشتگرد ہلاک، ویڈیو بھی جاری

سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے آپریشن 11 گرج کے تحت خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ اور خیبر میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران فتن الخوارج کے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، کارروائیوں کی ویڈیو بھی جاری کر دی گئی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فیصل آباد، آزاد جموں و کشمیر میں ہونے والے انتخابات کے دوسرے مرحلے کے دوران پولنگ اسٹیشن میں ایک خاتون اپنا ووٹ ڈال رہی ہیں

اگر کسی کو شکایت ہے تو الیکشن کمیشن سے رجوع کرے، ن لیگ

پیپلز پارٹی کا کام الزامات لگانا، میڈیا ٹرائل کرنا، بیف الیکشن کمشنر حکومت نہیں، بلکہ قانون کے مطابق اپنے فرائض انجام دے رہا ہے، وزیر اعظم اور صدر ان کے ذمہ داریں

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر انتخابات کا دوسرا مرحلہ عمومی طور پر پرامن انداز میں مکمل ہوا، جبکہ انتخابی عمل میں دھاندلی کے الزامات کو

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے چوہدری لطیف اکبر پر حملے کا نوٹس لے لیا

چیف سیکریٹری آزاد جموں و کشمیر اور آئی جی پولیس ذمہ داروں کو فی الفور کیفر کردار تک پہنچائیں، وزیر اعظم کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر پر حملے کا نوٹس لے لیا۔

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

غزہ جنگ کے دوران بھارت نے اسرائیل کو اسلحہ اور فوجی پرزے فراہم کیے، ایمنسٹی انٹرنیشنل کا دعویٰ

بھارت اسرائیل کو اسلحے اور فوجی سامان کی برآمدات فوری طور پر بند کرے، تنظیم کی سیکرٹری جنرل کا مطالبہ

نئی دہلی/لندن (این این آئی) انسانی حقوق کی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی ایک نئی رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ غزہ میں جاری جنگ کے دوران بھارت سے اسرائیل کو اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر دفاعی سامان کی فراہمی جاری رہی جبکہ اسرائیل کے دیگر

مطابق یہ خدشہ موجود تھا کہ یہ سامان غزہ میں فوجی کارروائیوں میں استعمال ہو سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایمنسٹی انٹرنیشنل نے بتایا کہ بھارت نے گزشتہ چند برسوں میں اسرائیل کے ساتھ متعدد دفاعی معاہدے کیے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے تھوڑے سے وارکر کے نوجوان کو قتل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے تھوڑے سے وار کر کے نوجوان کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق افراد کو کوئٹہ کے علاقے سی ایس کالونی سٹلائٹ ٹاؤن میں نامعلوم افراد نے تھوڑے سے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کویت میں خام تیل کی پیداوار میں نمایاں اضافہ، یومیہ 20 لاکھ بیرل ہو گئی

کویت تیل کی پیداوار میں اضافہ تیل کی قیمتوں اور توانائی کی تجارت پر بھی اثر انداز ہو سکتا ہے، رپورٹ

کویت سٹی (این این آئی) کویت نے جولائی کے دوران خام تیل کی یومیہ پیداوار میں نمایاں اضافہ کرتے ہوئے اسے تقریباً 19 لاکھ 71 ہزار بیرل یومیہ تک پہنچا دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق معاملے سے واقف ایک ذریعے نے بتایا کہ جون میں کویت کی اوسط یومیہ پیداوار تقریباً 16 لاکھ 50 ہزار بیرل تھی، جو جولائی میں بڑھ کر 19 لاکھ 71 ہزار بیرل یومیہ ہو گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق ایک ہی ماہ میں کویت کی تیل پیداوار میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جسے عالمی توانائی کی منڈی کے لیے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں زمینوں پر قبضے کیلئے قوانین کو تبدیل کرنے لگا

مقبوضہ جموں و کشمیر میں گورنر کو عوامی خدمت کے بجائے کنٹرول کے آلے کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی حکومت نے کلٹرف طور پر قوانین میں ردوبدل کیا اور نے قوانین متعارف کیے ہیں جن کے تحت کشمیر میں زمینوں پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کی گئی جبکہ علاقے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

لاہور/مانسہرہ (نمائندگان) جمعیت علماء اسلام (ف) کے امیدوار مولانا عبدالقدوس کی حمایت کے لیے مانسہرہ میں منعقدہ جلسے کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

افغانستان میں طالبان رجیم کو اقتدار سنبھالنے کے تقریباً پانچ سال بعد سب سے منظم مسلح مزاحمت کا سامنا

خواتین کیلئے آزادی کی جنگ ہے، افغان عوام بالکل ہی سے تاقابل بیان انسانی حقوق کی پامالیوں کا شکار ہیں، جنرل کمانڈر سادات

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان رجیم کو اقتدار سنبھالنے کے تقریباً پانچ سال بعد سب سے منظم مسلح مزاحمت کا سامنا کرنا پڑ گیا ہے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ کمیٹی برائے تفویض شدہ قانون سازی کا اجلاس آج ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کمیٹی برائے تفویض شدہ قانون سازی کا اجلاس آج سوموار کو ہوگا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

5 اگست کو ملک گیر یوم سیاہ اور پرامن احتجاج کیا جائے گا، میر شہزر سلمان اکرم رنجہ

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل میر شہزر سلمان اکرم رنجہ نے اعلان کیا ہے کہ پارٹی کے بانی عمران خان کی قید کے تین سال مکمل ہونے پر 5 اگست کو ملک گیر یوم سیاہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران نے امریکا کو ایک اور تجویز دے دی، آبنائے ہرمز کھلا رہے گا

تہران (این این آئی) ایران نے امریکا کو ایک اور تجویز دے دی ہے جس کے تحت آبنائے ہرمز کو کھلا رکھا جائے گا اور جوہری مذاکرات کو الگ سے آگے بڑھایا جائے گا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق یہ تجویز ایران کی جانب سے امریکا کو پیش کی گئی ہے۔ تجویز میں کہا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز کو

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

غزہ جنگ کے دوران بھارت نے اسرائیل کو اسلحہ اور فوجی پرزے فراہم کیے، ایمنسٹی انٹرنیشنل کا دعویٰ

بھارت اسرائیل کو اسلحے اور فوجی سامان کی برآمدات فوری طور پر بند کرے، تنظیم کی سیکرٹری جنرل کا مطالبہ

نئی دہلی/لندن (این این آئی) انسانی حقوق کی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی ایک نئی رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ غزہ میں جاری جنگ کے دوران بھارت سے اسرائیل کو اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر دفاعی سامان کی فراہمی جاری رہی جبکہ اسرائیلی سفیر کے

مطابق یہ خدشہ موجود تھا کہ یہ سامان غزہ میں فوجی کارروائیوں میں استعمال ہو سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایمنسٹی انٹرنیشنل نے بتایا کہ بھارت نے گزشتہ چند برسوں میں اسرائیل کے ساتھ متعدد دفاعی معاہدے کیے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کویت میں خام تیل کی پیداوار میں نمایاں اضافہ، یومیہ 20 لاکھ بیرل ہو گئی

کویت تیل کی پیداوار میں اضافہ تیل کی قیمتوں اور توانائی کی تجارت پر بھی اثر انداز ہو سکتا ہے، رپورٹ

کویت سٹی (این این آئی) کویت نے جولائی کے دوران خام تیل کی یومیہ پیداوار میں نمایاں اضافہ کرتے ہوئے اسے تقریباً 19 لاکھ 71 ہزار بیرل یومیہ تک پہنچا دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق معاملے سے واقف ایک ذریعے نے بتایا کہ جون میں کویت کی اوسط یومیہ پیداوار تقریباً 16 لاکھ 50 ہزار بیرل تھی، جو جولائی میں بڑھ کر 19 لاکھ 71 ہزار بیرل یومیہ ہو گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق ایک ہی ماہ میں کویت کی تیل پیداوار میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جسے عالمی توانائی کی منڈی کے لیے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں زمینوں پر قبضے کیلئے قوانین کو تبدیل کرنے لگا

مقبوضہ جموں و کشمیر میں گورنر کو عوامی خدمت کے بجائے کنٹرول کے آلے کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی حکومت نے کلٹرف طور پر قوانین میں ردوبدل کیا اور نے قوانین متعارف کیے ہیں جن کے تحت کشمیر میں زمینوں پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کی گئی جبکہ علاقے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

لاہور/مانسہرہ (نمائندگان) جمعیت علماء اسلام (ف) کے امیدوار مولانا عبدالقدوس کی حمایت کے لیے مانسہرہ میں منعقدہ جلسے کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

افغانستان میں طالبان رجیم کو اقتدار سنبھالنے کے تقریباً پانچ سال بعد سب سے منظم مسلح مزاحمت کا سامنا

خواتین کیلئے آزادی کی جنگ ہے، افغان عوام بالکل ہی سے تاقابل بیان انسانی حقوق کی پامالیوں کا شکار ہیں، جنرل کمانڈر سادات

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان رجیم کو اقتدار سنبھالنے کے تقریباً پانچ سال بعد سب سے منظم مسلح مزاحمت کا سامنا کرنا پڑ گیا ہے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مظفر آباد ڈویژن کے حلقہ ایل اے 27 کے تمام پولنگ اسٹیشنوں پر انتخابات ملتوی

کسی کے دباؤ میں کام نہیں کریں گے، بدبریات ہر کسی کی مانی نہیں جاتی، قانون کیمطابق کام کریں گے، چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے پولنگ کا وقت ایک گھنٹہ بڑھایا گیا۔ آزاد کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مظفر آباد ڈویژن کی 12 نشستوں کے پولنگ کا عمل صبح 8 بجے شروع ہوا جو شام 5 بجے تک جاری رہنا تھا، چیف الیکشن کمشنر

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

تمبو کے علاقے میں شوہر نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو ہلاک کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں شوہر نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق تمبو کھوسو پولیس تھانے کی حدود گولہ غلام حبی میں گزشتہ روز سہیلہ بیوی علی ڈوانے نے اپنی شوہر علی محمد کو فائرنگ کر کے بیوی شمیم کو قتل کر کے فرار ہو گیا پولیس نے مقتولہ کے والد

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بھارت برادر است جنگ میں شکست کی خفت مٹانے کیلئے دہشتگردی کروا رہا ہے، ہمایوں اختر خان

معیشت، امن و امان، عوامی مسائل جیسے اہم معاملات پر اتفاق رائے، مضبوط اتحاد کی ضرورت ہے

فیصل آباد (اعتدال ایڈیٹر) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ بھارت براہ راست جنگ میں ناکامی کے بعد اپنی خفت مٹانے کے لیے بلوچستان میں پراکسی دہشتگردی کو ہوا دے رہا ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے شمار قربانیوں کے باوجود قوم کے حوصلے بلند ہیں اور وہ اپنی افواج کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے عوام

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک ایران تعلقات ہمالیہ سے بھی بلند، کوئی بیرونی طاقت دوستی کمزور نہیں کر سکتی: ایرانی سفیر

گزشتہ دو برس میں پاک ایران تعلقات نئی بلندیوں پر پہنچے، دونوں ممالک کی دوستی ٹھوس اور ناقابل تسخیر ہے

ایران کے سفیر نے کہا کہ پاکستان کو سب سے پہلے تسلیم کرنے والے ممالک میں نمایاں کردار ادا کیا۔ گزشتہ دو برس کے دوران پاک ایران تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی جارحیت کے موقع پر پاکستانی پارلیمنٹ نے ایران کی حمایت کی، جبکہ ایرانی پارلیمنٹ میں

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کسانوں کے نقصانات کا جائزہ لے رہے ہیں، علاقے کو آفت زدہ قرار دلائیں گے، رانا تنویر حسین

وفاقی وزیر کا ارائیں کمیونٹی کے ہمراہ سیلاب سے متاثرہ دیہاتوں میں قائم کیے گئے ریلیف کیمپوں کا دورہ

نارنگ منڈی (این این آئی) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے رکن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حسان ریاض کے ہمراہ

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آزاد کشمیر انتخابات میں پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے، خواجہ آصف

پیپلز پارٹی نے سیالکوٹ سے آخری انتخاب 1970 میں جیتا تھا، پیپلز پارٹی کی بڑی ناکامی ثابت ہوگی، وزیر دفاع

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر انتخابات میں پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے، کہیں کہیں

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

میڈیا ورکرز کے مسائل کا حل حکومت کی ذمہ داری ہے، بی ایم اے

صحافیوں، میڈیا ورکرز اور اخباری صنعت کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ہر آئینی، جمہوری اور قانونی فورم پر بھرپور آواز بلند کی جائے گی

اور اخباری صنعت کے ساتھ کسی بھی قسم کی ناانصافی، اخباری سٹوک یا ذیادتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ فورم کے آج کا سمجھانی معاشرے کی آنکھوں کا

ہوتے ہیں اور مشکل ترین حالات میں عوام تک درست اور بروقت معلومات پہنچانے کی ذمہ داری

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی واپسی، 23 ماہ بعد پہلی بار نیٹ خریداری

جولائی 2026 میں 3 کروڑ 44 لاکھ ڈالر سرمایہ کاری، بینکنگ اور ایپلیکیشن سیکٹر غیر ملکی سرمایہ کاروں کی پہلی ترجیح بن گئے

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال کے آغاز پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا مثبت رجحان سامنے آیا ہے، جہاں تقریباً 23 ماہ بعد پہلی مرتبہ غیر ملکی سرمایہ کار فروخت کنندگان کے بجائے خریدار بن کر سامنے آئے ہیں۔ مارکیٹ اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2026 کے دوران غیر ملکی سرمایہ کاروں نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 3 کروڑ 44 لاکھ امریکی ڈالر مالیت کے شیئرز خریدے، جبکہ اس سے قبل جون 2026 میں وہ

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بارشوں سے اب تک 126 افراد جاں بحق اور 404 زخمی ہوئے، این ڈی ایم اے

ایک لاکھ سے زائد خواتین متاثر ہوئیں، 13 ہزار مکانوں، 6 ہزار فارم ہاؤسز اور 26 کروڑ روپے کے ٹرمپل جاری کیے گئے، اتھارٹی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی کم لاگت بارشوں کے فوری ریلیف کیلئے کیے گئے اقدامات کے مطابق اب تک 126 افراد جاں بحق اور 404 زخمی ہوئے، این ڈی ایم اے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ذاتی رہائش کے لیے حکومتی قرض اسکیم، عوام کو آن لائن پورٹل اور رہائشی پوائنٹس کی دستیابی میں مشکلات کا سامنا

کراچی (این این آئی) حکومت کی کم لاگت بارشوں کے فوری ریلیف کیلئے کیے گئے اقدامات کے مطابق اب تک 126 افراد جاں بحق اور 404 زخمی ہوئے، تاہم آن

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک امریکا اقتصادی تعاون، امریکی کاروباری وفد کا کراچی کا دورہ

کراچی میں سرمایہ کاری مواقع کا جائزہ، امریکی کاروباری وفد کا مختلف شعبوں میں دلچسپی کا اظہار

کراچی (این این آئی) ایکسل انویسٹمنٹ کونسل (ایس آئی ایف سی) کی سہولت کاری سے پاک امریکا معاشی تعاون کو فروغ دینے کی کوششوں کے سلسلے میں امریکی امریکی کاروباری وفد نے کراچی کا دورہ کیا، جس کے دوران سندھ میں سرمایہ کاری کے مختلف مواقع اور اہم ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دورے کے

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، شیخ خلیفہ بن زید ہسپتال میں ادویات کی شدید قلت، ایمرجنسی وارڈ اور فارمیسی خالی ہو گئی

بدرد راز کے غریب مریض بیٹھے داموں ادویات خریدنے پر مجبور، حکومت فوری آفت اور انکوائری کرائے، بلوچستان سرپلس

کوئٹہ (این این آئی) سرپلس مستونگ روڈ پر واقع شیخ خلیفہ بن زید ہسپتال کی ایمرجنسی وارڈ اور فارمیسی میں زندگی بچانے والی ادویات اور ضروری طبی سامان کی شدید قلت سامنے آئی ہے، جس پر علاقہ مکینوں اور مریضوں کے لواحقین نے تحت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ متاثر شہریوں اور سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ ہسپتال کی ایمرجنسی جیسے حساس شعبے میں ادویات کا

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کرک، پاٹی پی ٹی آئی کے بیشتر علیمہ خان پارٹی کارکنوں اور شہریوں کے بڑے اجتماع سے خطاب کر رہی ہیں

محسن نقوی نے تسلیم کیا ہے کہ فارم 47 والے ناکام ہو چکے ہیں، حافظ نعیم الرحمن

محسن نقوی نے تسلیم کیا ہے کہ فارم 47 کے ذریعے مسلط ہونے اور کرنے والے دونوں ناکام ہو چکے ہیں، پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ محسن نقوی کی موجودہ نظام کی ناکامی کا اعتراف کر کے تسلیم کیا ہے کہ فارم 47 کے ذریعے مسلط ہونے اور کرنے والے دونوں ناکام ہو چکے ہیں، حقیقت واضح اور دوٹک موقف سے کہہ دیتے والوں کو نتیجے اور مانے والوں کو مسلط کر کے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے 70 ہزار علاقے خشک سالی کی لپیٹ میں، مون سون کا سلسلہ کمزور رہنے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

رات، موسلا دھار بارش اور زیر زمین پانی کی سطح مزید خطرناک حد تک پہنچ گئی، محکمہ موسمیات کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں جاری خشک سالی نے ایک بار پھر تشویش کی لہر دوڑا دی ہے، جہاں صوبے کے تقریباً 70 ہزار علاقے مسلسل خشک سالی کی لپیٹ میں ہیں۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات پاکستان نے پیش گوئی کی ہے کہ رواں مون سون سیزن کے دوران بلوچستان میں بارشوں کا سلسلہ کمزور رہے گا اور موسم سون کی سرگرمیاں زیادہ تر صوبے کے مشرقی اور شمال مشرقی اضلاع تک محدود رہنے کا امکان ہے، جس کے باعث پشتونخوا علاقوں

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان حکومت کا گرمیوں کی تعطیلات میں توسیع کے وائرل نوٹیفکیشن کا نوٹس، جعلی قرار دے دیا

تعطیلات میں کوئی توسیع نہیں کی گئی، سمر اور ونٹر زون کی تعطیلات 3 اگست 2026 روز کو ہی ختم ہوں گی، محکمہ ایجوکیشن

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ اسکول ایجوکیشن بلوچستان نے سوشل میڈیا پر موسم گرما کی تعطیلات میں توسیع کے متعلق گردش کرنے والے نوٹیفکیشن کو سرے سے رد کرتے ہوئے اسے مکمل طور پر جعلی اور قانونی حیثیت سے محروم قرار دیا ہے۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن نے واضح کیا ہے کہ حکومت کی جانب سے تعطیلات میں توسیع کا ایسا کوئی باقاعدہ سرکاری حکم نامہ جاری نہیں کیا گیا۔ عوام، والدین، اساتذہ اور طلبہ اس جعلی نوٹیفکیشن کو مکمل طور پر نظر انداز کریں۔ اعلامیے کے مطابق سمر اور ونٹر زون کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے اپنے اپنے شیڈیول کے تحت 3 اگست

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے گلو کار گل جمالی کی ملاقات

بلوچستان کی ثقافتی ورثے کے فروغ اور مقامی فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت مرکمین اقدامات جاری رکھے گی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گانوں کے ذریعے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کرنے والے ضلعہ آباد سے تعلق رکھنے والے معروف لوک گلوکار گل میر جمالی کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ ہوٹل کے ان سے ملاقات کی ملاقات کے دوران گل میر جمالی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کو اپنی زندگی کا یادگار لمحہ قرار دیتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور اپنی روایتی انداز میں محبت بھرے گیت پیش کیے۔ فنکار نے وزیر اعلیٰ کی موجودگی میں گانا بھی سنایا جسے میر سرفراز بگٹی نے سراہتے ہوئے ان کی فنکارانہ صلاحیتوں کی تعریف کی وزیر اعلیٰ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جیری ویزا کوئیز سروس بہت جلد باضابطہ طور پر کوئٹہ سے ا

PCB نے نیشنل چیمپئن کپ کے شیڈول اور سکواڈز کا اعلان کر دیا

ون ڈے ٹورنامنٹ 11 سے 18 اگست تک ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، ٹورنامنٹ کے ساتھ ڈومیسٹک سیزن 2026-27 اور آئی سی سی میجر ورلڈ کپ کی تیاریوں کا آغاز ہوگا

لاہور (این این آئی) پی سی بی نے نیشنل چیمپئن کپ کے شیڈول اور کھلاڑیوں کا اعلان کر دیا ٹورنامنٹ کے ساتھ ڈومیسٹک سیزن 2026-27 اور آئی سی سی میجر ورلڈ کپ کی تیاریوں کا آغاز ہوگا۔ شیڈول کے مطابق ون ڈے ٹورنامنٹ 11 سے 18 اگست تک ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا ٹورنامنٹ میں فاتح سمیت سات ون ڈے میچز کھیلے جائیں گے۔ ڈے نائٹ میچز کا آغاز دوپہر تین بجے ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق نیشنل سلیکشن کمیٹی نے 11 کھلاڑیوں کے چار سکواڈز بنائے ہیں، ہر ٹیم میں 13 کھلاڑیوں کا اعلان کیا گیا ہے، تمین ریزرو کھلاڑیوں کو انجری اور کنڈیشن کی صورت میں طلب کیا جائے گا۔ شاہ خان، ہلوٹ نائی، نعیم شرکت کریں گی۔ شاداب خان، ثنا بین شاہ آفریدی، سمائم ایوب اور حسا جزادہ کھلاڑیوں کے کپتان مقرر کیا گیا ہے، انجار جونیئر، مصباح الحق، اقبال امام اور اعزاز چیمہ نیوں کے ہیڈ کوچ ہوں گے۔ عبدالصمد، حیدر علی، معاذ صداقت اور محمد نواز، ہاشم شاہ آفریدی کی قیادت میں کھیلیں گے۔ اعلامیہ کے مطابق عرفات منہاس، حسن علی، شامل حسین، سفیان مقیم اور حسنین طلعت، صاحبزادہ فرحان کی ٹیم میں ہوں گے۔ اعلامیہ کے مطابق صائم ایوب کی ٹیم میں علی رضا، حارث رؤف، حسنین نواز، خوشدل شاہ، وسیم جونیئر اور عثمان خان شامل ہیں۔ فخر زمان، محمد حسنین، سلمان مرزا، نسیم شاہ اور سیم منہاس شاداب خان کی قیادت میں جلوہ گر ہوں گے۔ عاقب جاوید نے کہا کہ کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ دو ون ڈے کرکٹ کے مواقع فراہم کرنے کا پلان ہے۔ عاقب جاوید نے کہا کہ اس ٹورنامنٹ میں کھلاڑی دو ون ڈے کرکٹ میں اپنے رول کے مطابق کھیلیں گے۔

فیفا ورلڈ کپ، میچوں کی درست پیشگوئی کرنے والی بلی کی سوشل میڈیا پر دھوم

بلی نے ورلڈ کپ کے 31 میں سے 27 نتیجوں کی درست پیشگوئی کی ہے جس میں ارجنٹائن کی مصر کیخلاف جیت بھی شامل ہے

نیویارک (آن لائن) فیفا ورلڈ کپ 2026 کے سنسنی خیز نتائج کے دوران سوشل میڈیا پر میچوں کی درست پیشگوئی کرنے والی بلی کی دھوم ہے۔ فیفا ورلڈ کپ 2026 میں اب صرف 7 میچز باقی رہ گئے ہیں۔ اب تک کھیلے گئے میچز سے متعلق کئی پیشگوئیاں سامنے آ چکی ہیں، جن میں سے کچھ درست اور کچھ غلط ثابت ہوئیں۔ تاہم اس وقت سوشل میڈیا پر ایسی بلی کی دھوم ہے، جس نے فیفا ورلڈ کپ کے 31 میں سے 27 نتیجوں کی درست پیشگوئی کی ہے، جس میں ارجنٹینا کی مصر کیخلاف جیت بھی شامل ہے۔ یہ بلی ویٹ کیٹ نے شادی شدہ جوڑے کی پالتو بلی ہے، جنہیں نے تعلق رکھنے والی اکلائن اور انرلینڈ نے تعلق رکھنے والے مارک نے 2024 میں اس کو گود لیا تھا۔ جوڑے نے ایک دن یوں ہی ویٹ کیٹ سے نتیجے کی فاتح ٹیم کا پوچھا اور پیشگوئی درست ہونے پر یہ شوق بن گیا۔ بلی کے سامنے نتائج کھیلنے والی ٹیموں کے پرچم رکھے جاتے اور وہ جس پرچم کو چھوتی وہی فاتح ٹیم ہوتی ہے۔ اس حوالے سے بلی کی مالکن اکلائن نے بتایا کہ ہم دونوں فیفا ورلڈ کپ میں کسی خاص ٹیم کے حامی نہیں، اس لیے ٹورنامنٹ کے دوران بلی سے یہ پوچھتے ہیں کہ ہمیں کس ٹیم کی حمایت کرنی چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ 31 میں سے 27 نتیجوں کی پیشگوئیاں درست ہونے پر اب ہم بہت پرجوش ہیں کہ کیٹ آگے کیا پیشگوئی کرتی ہے اور ورلڈ کپ کی فاتح ٹیم کون کہتا ہے۔

ورلڈ کپ کے میچ آفیشلز کی دیانتداری پر کوئی سوال نہیں اٹھا سکتا، چیف ریفری فیفا

نیویارک (این این آئی) فیفا کے چیف ریفری آفیسر پیٹر لوبلیکی کولینا نے کہا ہے کہ ورلڈ کپ کے میچ آفیشلز کی دیانتداری پر کوئی سوال نہیں اٹھا سکتا، بے بنیاد الزامات کا کھیل میں کوئی مقام نہیں۔ یہ بیان مصر کی جانب سے ارجنٹینا کے خلاف فیفا ورلڈ کپ کے پری کوارٹر فائنل میں 2-3 کی شکست کے بعد ریفریز پر اعتراضات اٹھانے کے تناظر میں سامنے آیا۔ مصری فٹبال ایسوسی ایشن (ای ایف اے) نے میچ آفیشلز کو ٹورنامنٹ سے ہٹانے اور ان کے فیصلوں کی تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا۔ مصری فٹبال حکام کا موقف تھا کہ دوسرے ہاف میں دو اہم فیصلے ان کے خلاف گئے

ارجنٹینا کی فتح پر عائرہ خان کی بیٹی کا ریٹل میسی کے نام جذباتی پیغام وائرل

اسلام آباد (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 میں ارجنٹینا کی اہم کامیابی کے بعد پاکستانی اداکارہ عائرہ خان کی بیٹی کی جانب سے فٹبال سپر اسٹار لیونل میسی کے لیے لکھا گیا محبت بھرا پیغام سوشل میڈیا صارفین کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ عائرہ خان نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک تصویر شیئر کی جس میں ان کی بیٹی ارجنٹینا کی جرسی پہنے کھانی دے رہی ہیں۔ جرسی کے عقب میں میسی کا نام درج ہے۔ ایک اس تصویر کے ساتھ اداکارہ نے اپنی بیٹی کا خصوصی پیغام بھی شیئر کیا۔ تصویر کے کیپشن میں لکھا گیا کہ پیارے میسی! خان ارم اور میری بیٹی کے لیے ہمیشہ یاد گار بنانے کا شکریہ۔ اس نے خاص طور پر آپ سے کہنا چاہا کہ تے کوئیر، یعنی مجھے آپ سے محبت ہے

کھلاڑیوں پر ذاتی حملے نہیں کارکردگی پر بات ہونی چاہیے، سرفراز احمد

کراچی (آن لائن) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ سرفراز احمد نے کہا ہے کہ کھلاڑیوں پر ذاتی حملے نہیں کارکردگی پر بات ہونی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ سرفراز احمد نے کہا کہ اب کارکردگی کے بجائے ہر چیز پر بات ہوتی ہے، کھلاڑیوں پر ذاتی حملے نہیں کرنے چاہئیں آپ کارکردگی پر بات کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کپتان بابر اعظم سے بات ہوئی ہے امید ہے ہم ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ میں زبردست پرفارم کرے گی۔ سرفراز احمد نے مزید کہا کہ ٹیسٹ اسکواڈ کا کیمپ کل سے اسلام آباد میں لگے گا۔ واضح رہے کہ پاکستان کو بنگلہ دیش کے خلاف ہوم اور اوے سیریز میں شکست ہوئی تھی

دورہ ویسٹ انڈیز کیلئے پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ کا راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پریٹس سیشن شروع

راولپنڈی (آن لائن) دورہ ویسٹ انڈیز کے لیے پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ کی راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پریٹس سیشن شروع ہو گیا، پہلے روز کھلاڑیوں نے ٹین ہفتے تک بیٹنگ، بالنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں۔ پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ویسٹ انڈیز کے دورے کی تیاریوں کے سلسلے میں بھرپور پریٹس کی۔ کھلاڑیوں نے صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک بیٹنگ، بالنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں، جبکہ دوپہر کو پریٹس سیشن شروع ہوگا۔ قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ 12 جولائی تک جاری رہے گا

میکسیکو اور انگلینڈ کے میچ نے امریکا میں ویورشپ کا نیا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا

ارجنٹائن اسٹیڈیم میں والی بال کے مقابلے میں انگلینڈ نے 10 کھلاڑیوں کیساتھ برتری برقرار رکھتے ہوئے کامیابی حاصل کی تھی

میکسیکو سٹی (آن لائن) فیفا ورلڈ کپ 2026 میں میکسیکو اور انگلینڈ کے درمیان کھیلا گیا راؤنڈ آف 16 کا سنسنی خیز مقابلہ امریکا کی ٹی وی تاریخ کا سب سے زیادہ دیکھا جانے والا فٹبال میچ بن گیا، ابتدائی اعداد و شمار کے مطابق اس میچ کو امریکا میں مجموعی طور پر 4 کروڑ 48 لاکھ افراد نے دیکھا، جس کے ساتھ اس نے امریکا اور ایشیا کے میچ کا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا، تقریباً 4 کروڑ 20 لاکھ ناظرین نے دیکھا تھا۔ رپورٹ کے مطابق ٹچ کے ٹیلیوٹڈ پر 2 کروڑ 32 لاکھ جبکہ فاکس پر 2 کروڑ 17 لاکھ 42 ہزار افراد نے دیکھا۔ فاکس پر نشر ہونے والا یہ مقابلہ امریکی تبصرے کے بغیر انگلش زبان میں دکھایا جانے والا سب سے زیادہ دیکھا جانے والا ورلڈ کپ میچ بھی قرار پایا، جبکہ میچ کے آخری لمحات میں فاکس کی ویورشپ بڑھ کر 2 کروڑ 57 لاکھ تک پہنچ گئی۔ میکسیکو سٹی کے ازیکا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس اہم راؤنڈ مقابلے میں انگلینڈ نے 10 کھلاڑیوں کے ساتھ برتری برقرار رکھتے ہوئے کامیابی حاصل کی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ اعداد و شمار ابتدائی ہیں

فیفا ورلڈ کپ 2026ء کے فائنل کے موقع پر بھی ہاف ٹائم شو منعقد کیا جائیگا

جسٹن بیبر، میڈونا، شکیرا اور پی ٹی ایس، برنابوائے اور کولڈ پلے سمیت عالمی فنکار پرفارم کریں گے

نیویارک (این این آئی) فیفا کی جانب سے اعلان کی گیا ہے کہ 19 جولائی 2026ء کو نیویارک نیو جرسی اسٹیڈیم میں ہونے والے ورلڈ کپ فائنل کے دوران پہلی بار ہاف ٹائم شو کا انعقاد کیا جائے گا۔ شو میں جسٹن بیبر، میڈونا، شکیرا اور پی ٹی ایس مشترکہ طور پر پرفارم کریں گے۔ اس کے علاوہ نامچین گلوکار برنا بوائے، گستاوو ڈوڈامل، پی ایس 22 کورس اور کولڈ پلے بھی اس خصوصی تقریب کا حصہ ہوں گے۔ فیفا کے صدر جیانی انفانٹینو نے کہا کہ یہ شو صرف موسیقی اور فٹبال کا جشن نہیں بلکہ دنیا بھر کے بچوں کے لیے معیاری تعلیم اور کھیل کے مواقع بڑھانے کے مشن کا بھی حصہ ہے۔ دوسری جانب جسٹن بیبر نے کہا کہ فیفا ورلڈ کپ دنیا کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرتا ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب چیمپئن شپ لیگ 2026، راولپنڈی میں ٹرائل اتوار کو ہونگے

چار کھلاڑی پورے پاکستان سے ہر ڈویژن اوپن کیٹگری میں حصہ لینے والے ہیں، ٹرائل کیلئے ٹیمیں ڈومیسٹک کھلاڑیوں کو ٹرائل میں حصہ لے سکتے ہیں

راولپنڈی (آن لائن) وزیر اعلیٰ پنجاب چیمپئن شپ لیگ 2026 کرکٹر کے سلسلے میں ڈویژنل لیول پر راولپنڈی ڈویژن کرکٹ کے ٹیم کے لئے ٹرائل 12 جولائی بروز اتوار 8 بجے راولی پارک کرکٹ گراؤنڈ راولپنڈی میں ہوں گے اس سلسلے میں تمام ڈسٹرکٹ سپورٹس افسران راولپنڈی ڈویژن کو مراسلہ ارسال کیا جا چکا ہے اس میں چار کھلاڑی پورے پاکستان سے ہر ڈویژن اوپن کیٹگری میں جس میں ڈومیسٹک کھلاڑی اور کھلاڑی ٹرائل میں حصہ لے سکتے ہیں کھلاڑی اور اوتھ ٹیسٹ اپنے ڈویژن میں رکھ سکتے ہیں ان میں سے سات کھلاڑی اندر 23 ہوں گے جو بھی متعلقہ ڈویژن کے ہوں گے دو کھلاڑی انڈر 19 متعلقہ ڈویژن سے ہی رکھے جائیں گے انڈر 23 کھلاڑی ٹیم اگست 2003 کے ہوں گے اس کے بعد پیدا ہونے والوں کو اشرشن کیا جائے گا تجکہ انڈر 19 کھلاڑیوں کو یکم اگست 2007 کو یا اس کے بعد پیدا ہوں گے ان کو انٹرشن کیا جائے گا تمام ڈسٹرکٹ سپورٹس افسران کو ہدایت کی گئی ہے

دو بلیڈن لیڈیز سنگلز، یوکرائن کی مارتا، جمہوریہ چیک کی نواسکوا سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

لندن (آن لائن) یوکرین کی مارتا کوستیوک، ویمبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ کے لیڈیز سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئیں۔ کوارٹر فائنل میں مارتا نے اٹلی کی جیسیمین پاولینی کو شکست دی۔ ایک اور کوارٹر فائنل میں جمہوریہ چیک کی نترے نوسکوا نے ٹیم کی ایلیے مارلیخ کو شکست دیکر ایونٹ کے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ لندن میں جاری ٹینس ٹورنامنٹ کے لیڈیز سنگلز میں یوکرائن کی مارتا کوستیوک نے اٹلی کی جیسیمین پاولینی کو اسٹریٹ سیٹس میں شکست دیکر ایونٹ کے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ مارتا کی جیت کا اسکور 6-3 اور 6-2 رہا۔ دوسرے کوارٹر فائنل میں جمہوریہ چیک کی نترے نوسکوا نے ایلیجیم کی ایلیے مارلیخ کو شکست دے

بین اسٹوکس ریٹائرمنٹ ویڈیو پر آئی سی سی نے وضاحت طلب کر لی

لندن (آن لائن) بین اسٹوکس کی ریٹائرمنٹ ویڈیو پر آئی سی سی نے انگلش کرکٹ بورڈ سے وضاحت طلب کر لی۔ آئی سی سی کا کہنا ہے کہ اسٹوکس کی ڈریسنگ روم میں ریٹائرمنٹ تقریر کی ویڈیو ٹیسٹ میچ ختم ہونے سے پہلے شیئر کی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ میچ کے دوران ڈریسنگ روم کی ڈیجاوو ویڈیو جاری کرنا آئی سی سی کے ضوابط کی خلاف ورزی ہے۔ آئی سی سی کے مطابق ای سی بی نے ڈریسنگ روم کی ریکارڈنگ اور ویڈیو شیئر کرنے کو قوانین کی خلاف ورزی کی۔

پرائم منسٹر نیشنل جونیئر ویمنز ہاکی چیمپئن شپ، پنجاب اے اور سندھ فائنل میں پہنچ گئے

اسلام آباد (آن لائن) پرائم منسٹر نیشنل جونیئر ویمنز ہاکی چیمپئن شپ میں پنجاب اے اور سندھ بی نے حریف ٹیموں کو شکست دیکر فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا۔ نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم میں جاری ایونٹ کے پہلے سیمی فائنل میچ میں پنجاب اے نے زاکر اکیڈمی کے خلاف 0-2 کا میابی حاصل کی۔ دوسرا سیمی فائنل میچ سندھ بی اور اسلام آباد کے مابین کھیلا گیا جو کہ سندھ بی نے 1-3 سے جیت لیا۔

معروف بھارتی اداکار کو زہریلے کیڑے نے کاٹ لیا، حالت تشویشناک

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار راجیش شرما کی صحت اس وقت تشویشناک ہوگئی جب جنوبی بھارتی سپر اسٹار پر بھاس کی کی فلم کی شوٹنگ کے دوران انہیں معمولی طور پر ایک زہریلے کیڑے نے کاٹ لیا۔ طبیعت بگڑنے کے بعد انہیں کولکاتہ کے ڈھاکو یا منی پال اسپتال میں داخل کرایا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ سودیپا چٹرجی نے راجیش شرما کے اہل خانہ کی جانب سے جاری کیے گئے ایک پریس نوٹ کو سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے ان کی صحت سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ بیان میں بتایا گیا کہ یہ واقعہ سیوتا بارکی راموشی فلمز کی میں پیش آیا، جہاں پر بھاس کی فلم کی شوٹنگ جاری تھی

صبا حمید سے شادی کے 29 سال بعد طلاق کیوں ہوئی؟ وسیم عباس نے وجہ بتا دی

کراچی (آن لائن) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار وسیم عباس نے صبا حمید سے شادی کے 29 سال بعد طلاق ہونے کی وجہ بتا دی۔ وسیم عباس نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر دلچسپ گفتگو کی۔ انہوں نے صبا حمید کے ساتھ اپنی دوسری شادی کے بارے میں بات کرتے ہوئے بتایا کہ میری دوسری شادی 29 برس چلی اور پھر طلاق ہو گئی۔ اداکار کا کہنا ہے کہ طلاق ہونے میں کوئی برائی نہیں، میری دعائیں اب بھی صبا حمید کے ساتھ ہیں، الفت انہیں خوش رکھے۔ انہوں نے طلاق کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ اختلافات کے دوران ضروری نہیں ہے کہ ایک فرد سچا ہو اور دوسرا جھوٹا ہو

کبھی بھی بالی ووڈ کی سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکارہ نہیں رہی، ہیما مالنی کا انکشاف

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ کی ڈریم گرل معروف اداکارہ ہیما مالنی نے انکشاف کیا ہے کہ میں اپنے کیریئر کے عروج کے دور میں بھی بالی ووڈ کی سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکارہ نہیں تھی۔ بالی ووڈ کی چند ہی اداکارائیں ایسی رہی ہیں جنہوں نے 1970ء اور 1980ء کی دہائی کے ابتدائی برسوں میں ہیما مالنی جیسی غیر معمولی مقبولیت حاصل کی تو نہ ہم اپنی بے مثال شہرت کے باوجود ہیما مالنی نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں انکشاف کیا ہے کہ میں کبھی بھی بالی ووڈ کی سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکارہ نہیں رہی اور نہ ہی میں نے کبھی کیا ہو۔ کیونکہ اس وقت کی فلم انڈسٹری کا ماحول ایسا نہیں تھا۔ میں بہت معمولی معاوضہ ملتا تھا، اتنی زیادہ رقم نہیں دی جاتی تھی۔

اداکار راجیش شرما کو شوٹنگ کے دوران کسی زہریلے کیڑے نے کاٹ لیا

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ اور ہندی سنیما کے معروف اداکار راجیش شرما کو جنوبی بھارت کے سپر اسٹار پربھاس کی آنے والی فلم کی شوٹنگ کے دوران کسی زہریلے کیڑے نے کاٹ لیا جس کے بعد ان کی حالت بگڑ گئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق انہیں کولکاتہ کے ڈھاکو یا منی پال اسپتال میں داخل کروا دیا گیا ہے۔ اداکارہ سودیپا چٹرجی نے راجیش شرما کے اہلخانہ کی جانب سے سوشل میڈیا پر ایک پریس نوٹ جاری کرتے ہوئے

سینٹرل ایشین والی بال چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے بھارتی ٹیم کی شرکت پر تاحال سوالیہ نشان برقرار

حکومت پاکستان نے جاری کردہ ایشین اوپن گزشتہ ہفتے بھارتی والی بال فیڈریشن کو بھجوا دیا تھا، میر رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں 22 جولائی سے شیڈول سینٹرل ایشین والی بال چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے بھارتی ٹیم کی شرکت پر تاحال سوالیہ نشان برقرار ہے۔ ذرائع کے مطابق بھارتی ٹیم کی طرف سے تاحال ایونٹ میں شرکت کی ابھی تک تصدیق نہیں کی گئی ہے، بھارتی والی بال ٹیم کو ابھی تک پاکستان کے سفر کے لیے حکومتی این او سی نہیں مل سکا۔ یاد رہے کہ پاکستان والی بال فیڈریشن نے حکومت پاکستان کی طرف سے بھارتی ٹیم کے لیے جاری کردہ این او سی گزشتہ ہفتے بھارتی والی بال فیڈریشن کو بھجوا دیا گیا تھا۔ رائز کے مطابق دو دن میں تنظیم نہ کرنے کی صورت میں بھارتی ٹیم کو ایونٹ سے باہر کر دیا جائے گا، پاکستان والی بال فیڈریشن حکام دو سے تین روز تک اپ ڈیٹ شیڈول جاری کرنے کے لیے تیار ہیں۔

دورہ ویسٹ انڈیز کے لیے پاکستان ٹیسٹ سکواڈ کے پری سیریز کیمپ کا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں آغاز کر دیا گیا، قومی اسکواڈ کے تمام 10 پلیئرز پریٹس شروع کی، جو دوپہر ایک بجے تک جاری رہی۔ اس دوران کھلاڑیوں نے بیٹنگ، بالنگ اور فیلڈنگ کی پھر پور مشقیں کیں تاکہ ویسٹ انڈیز کے دورے سے قبل بہترین تیاری کر سکیں، بتایا جا سکے۔ تصویر میں کے مطابق ٹیسٹ اسکواڈ کے کھلاڑیوں نے کوچز کی نگرانی میں کیس گھنٹے کے

ٹیسٹ سکواڈ کے کھلاڑیوں نے کوچز کی نگرانی میں گھنٹے کے کرینگ سیشن میں حصہ لیا، ٹیم جوہر اور رنٹ کے راؤنڈ اور انٹرا اسکواڈ میچز کھیلیں گی

ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا، ہیڈ کوچ سرفراز احمد، بیٹنگ کوچ اسد شفیق اور باؤلنگ کوچ عرفان نے کھلاڑیوں کو تجاویز دیں اور ڈرلز کروائیں، پاکستان بابر اعظم اور وکٹ کیپر کھلاڑیوں نے پریکٹس وسٹس پر بھرپور ریلس سیشن میں بھی حصہ لیا۔ ویسٹ انڈیز کے دورے کے لیے ٹیسٹ ٹیم کے دو سیشن کیے گئے 25 جولائی سے 10 اگست تک برائن لارا کرکٹ اکیڈمی لوڈر اور اوکیوز پارک اوول پورٹ آف سپین میں شیڈول ہیں۔

گلوبل سپر لیگ کے تیسرے ایڈیشن کیلئے شاداب خان ڈیزرٹ وائپرز کے کپتان مقرر

انگلینڈ میں کاؤنٹی کرکٹ کھیلتے ہوئے ہاتھ میں چوٹ لگنے کے بعد انہیں دو ٹورنامنٹ سے دستبردار ہونا پڑا

لندن (آن لائن) پاکستان کے آل راؤنڈر شاداب خان کو گلوبل سپر لیگ (جی ایس ایل) کے تیسرے ایڈیشن کے لیے ڈیزرٹ وائپرز نے کپتان مقرر کر دیا ہے۔ شاداب خان نے آسٹریلوی آل راؤنڈر کرس گرین سے کپتانی کی ذمہ داری سنبھالی جنہیں ابتدائی طور پر کپتان نامزد کیا گیا تھا لیکن انگلینڈ میں کاؤنٹی کرکٹ کھیلتے ہوئے ہاتھ میں چوٹ لگنے کے بعد انہیں ٹورنامنٹ سے دستبردار ہونا پڑا۔ گلوبل سپر لیگ 23 جولائی سے کم اگست تک کھیلی جائے گی۔ ڈیزرٹ وائپرز نے اپنے آفیشل سوشل میڈیا ہینڈلز کے ذریعے اس تقرری کی تصدیق کی اور کہا کہ ڈیزرٹ وائپرز کے ہیڈ کوچ جیسن کی کی ہولڈر شاداب خان جی ایس ایل 2026 کے لیے ہمارے کپتان ہیں۔ علاوہ ازیں جنوبی افریقہ کے ٹاپ آرڈر بلے باز ریلی روسو کو ٹورنامنٹ کے لیے کرین کے متبادل کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں بین الاقوامی ٹیلنٹ کا ایک مضبوط امتزاج ہے

کوئی بھی ٹیم دو ماہ میں تیار نہیں ہو سکتی، بابر اعظم کی فیڈریشن کے انتخابات پر معاونت کر رہے ہیں، محی الدین وانی

پاکستان فٹبال میں تبدیلی بہتری آئی، آسٹریلوی سیف ٹیمز کی بہترین کارکردگی کے لیے وفاقی سیکرٹری آئی پی ایس کی قائد کیلئے کوشاں

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ اور پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی نے کہا ہے کہ کوئی بھی ٹیم دو ماہ میں تیار نہیں ہو سکتی، ایف آئی ایچ سے ہاکی فیڈریشن کے انتخابات کے معاملے پر معاونت کر رہے ہیں، پاکستان فٹبال میں نمایاں بہتری نظر آ رہی ہے، آئندہ سال سیف گیمز کی میزبانی کریں گے۔ شیخ آفتاب احمد کی زیر صدارت قومی اسکیل کی قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کے اجلاس میں کمیٹی اراکین کے سوالات کے جواب دیتے ہوئے محی الدین وانی نے کہا کہ پاکستان فٹبال فیڈریشن طویل عرصے بعد بحال ہوئی ہے، ماضی میں فیفا کی طرف سے پابندی عائد تھی، بلاک اور ایلیجبلٹی کی مشقیں کیں۔ پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ویسٹ انڈیز کے دورے کی تیاریوں کے سلسلے میں بھرپور پریٹس کی۔ کھلاڑیوں نے صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک بیٹنگ، بالنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں، جبکہ دوپہر کو پریٹس سیشن شروع ہوگا۔ پہلے روز کھلاڑیوں نے ٹین ہفتے تک بیٹنگ، بالنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں۔ پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ویسٹ انڈیز کے دورے کی تیاریوں کے سلسلے میں بھرپور پریٹس کی۔ کھلاڑیوں نے صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک بیٹنگ، بالنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں، جبکہ دوپہر کو پریٹس سیشن شروع ہوگا۔ قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ 12 جولائی تک جاری رہے گا

ہیمسٹرنگ انجری، لٹن داس زمبابوے کے خلاف پوری ون ڈے سیریز سے باہر

فٹنس ٹیسٹ میں ناکامی، بنگلا دیشی وکٹ کیپر بیٹر ڈھاکا میں بحالی کا عمل جاری رکھیں گے

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیشی وکٹ کیپر بیٹر بازنگین داس ہیمسٹرنگ انجری سے صحت یاب نہ ہونے کے باعث زمبابوے کے خلاف جاری ون ڈے سیریز سے باہر ہو گئے۔ لٹن داس کو ابتدا میں صرف 6 گھنٹے کے کھیلے گئے پہلے ون ڈے سے باہر کیا گیا تھا تاہم فٹنس، بحال نہ ہونے کے باعث اب وہ پوری سیریز میں ٹیم کی نمائندگی نہیں کر سکیں گے۔ وہ اپنی بحالی کا عمل ڈھاکا میں جاری رکھیں گے۔ بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے ترجمان نے بیان میں کہا کہ لٹن داس نے پہلے ون ڈے میں بھی شرکت نہیں کی تھی اور وہ اب تک پوری طرح فٹ نہیں ہیں۔ انہوں نے گزشتہ روز فٹنس ٹیسٹ دیا تاہم نتائج تسلی بخش نہیں تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مکمل دن ون ڈے میچز کے پیش نظر پوری نہیں کر لیں داس سیریز کے دوران عمل فٹ ہو سکیں گے، اسی لیے انہیں باقی دونوں میچوں سے بھی باہر رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

ڈونلڈ ٹرمپ نے نکی میناج کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے

نکی میناج کو ٹرمپ کا گولڈ کارڈ ملا ہے، جس کے ذریعے انہیں امریکی شہریت دی گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس کے روزگار دان میں منعقدہ تقریب کے دوران امریکی ریپر نکی میناج کی بھرپور تعریف کرتے ہوئے انہیں باصلاحیت، قابل احترام اور پرکشش شخصیت قرار دے دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ ہمارے درمیان ایک ایسی خاتون بھی موجود ہیں جو نہایت قابل احترام، پرکشش اور بہترین دوست ہیں، میں انہیں قدامت پسند نہیں بلکہ عقلی سلیم کی حامی کہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک شاندار شخصیت ہیں، سب ان کا احترام کرتے ہیں اور غیر معمولی صلاحیتوں کی مالک ہیں، ان کا نام نکی میناج ہے۔ تقریب کے بعد نکی میناج نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر وائٹ ہاؤس سے تصاویر شیئر کرتے ہوئے خود کو وائٹ ہاؤس پارٹی قرار دیا۔ رپورٹس کے مطابق نکی میناج نے حال ہی میں ماریکا کرک کی بھی حمایت کا اظہار کیا

نشو بیگم کا بزرگ والدین کو جائیداد سے متعلق مشورہ

والدین کو اپنی زندگی میں جائیداد بچوں کے نام نہیں کرنی چاہیے، اداکارہ

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلموں کی سینئر اداکارہ نشو بیگم نے بزرگ والدین کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنی زندگی میں اپنی جائیداد بچوں کے نام منتقل نہ کریں، کیونکہ ایسا کرنے سے بعض اوقات والدین کی اہمیت کم ہو جاتی ہے۔ پاکستانی فلم انڈسٹری کی سینئر اداکارہ نشو نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کے دوران بڑھاپے، صحت اور مالی تحفظ سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بڑھاپے میں انسان کو سب سے زیادہ اپنی صحت اور دولت کا خیال رکھنا چاہیے، کیونکہ اگر یہ دونوں چیزیں نہ ہوں تو بعض لوگ آپ کی قدر کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ نشو نے کہا کہ میں سب سے یہی کہوں گی کہ بڑھاپے میں اپنی صحت اور اپنی دولت کا خیال رکھیں، ورنہ آپ کی اہمیت ختم ہو جاتی ہے

ذاتی اور پیشہ ورانہ حدود کا تعین کرنا انتہائی ضروری ہے، ہاجرہ یامین

حوصلہ افزائی یقین دلاتی ہے کہ میں درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہوں، اداکارہ

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ ہاجرہ یامین کا کہنا ہے کہ خواتین کی جانب سے ملنے والی حوصلہ افزائی بہت معنی رکھتی ہے، چاہتی ہوں کہ یہ حوصلہ افزائی ہمیشہ برقرار رہے۔ حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ کا کہنا ہے کہ گزشتہ یکجہ عرصے میں مجھے اپنی خواتین مداحوں سے بھرپور پذیرائی ملی، جنہوں نے میرے کام کو سراہا اور مجھ سے رابطہ کیا، اس حوصلہ افزائی نے میرے اس یقین کو مزید مضبوط کیا ہے کہ میں درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہوں

عاصم اظہر کا گانا آرزو بھارت میں مقبولیت حاصل کرنے لگا

کراچی (این این آئی) معروف گلوکار عاصم اظہر کے حالیہ گانے آرزو نے بھارت میں غیر معمولی مقبولیت حاصل کرتے ہوئے اسپاٹیفائی پر ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ گلوکار کے مطابق یہ ٹریک اسپاٹیفائی کے دوبر میں بھارت میں

ABC CERTIFIED
Daily ASR-E-NAU Mastung
روزنامہ عصر نو مستونگ

نوجوانوں کیلئے کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے بشیر احمد

انشاء اللہ جلد اکیڈمی کے مسائل حل کر کے ضروری سامان فراہم کیا جائے گا ،کستان مسلم لیگ(ق) ضلع کوئٹہ کے صدر بشیراحمد خان اچکزئی

مسلم لیگ(ق) کے پارٹی کے قائد چودھری شجاعت حسین ، چودھری شافع حسین اور چودھری سالک حسین صاحب کی کھیلوں کے فروغ میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں

کوئٹہ(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ(ق) ضلع کوئٹہ کے صدر بشیر احمد خان اچکزئی کا دورہ کیا اس موقع پر اکیڈمی کے جان استاد نے ضلعی صدر کو اکیڈمی کے مسائل اور ضروریات سے آگاہ کیا۔ بشیر احمد خان اچکزئی کے کہا کہ نوجوانوں کے لیے کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے انشاء اللہ جلد اکیڈمی کے مسائل حل کر کے ضروری سامان بہتر انداز میں اپنی صلاحیتوں کو نکھارسکیں۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ق) نوجوانوں کو کھیلوں کے مواقع کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے پوبلوچستان کے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے اگر انہیں مناسب مواقع فراہم کئے جائیں تو صوبے کی کھلاڑی نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک اکیڈمی کا دورہ کیا اس موقع پر اکیڈمی کے جان استاد نے ضلعی صدر کو اکیڈمی کے مسائل سے آگاہ کیا۔ بشیر احمد خان اچکزئی نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے انشاء اللہ پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی ملک اور صوبے کا نام روشن کرسکتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ق) کے پارٹی کے قائد چودھری شجاعت حسین ، چودھری شافع حسین اور چودھری سالک حسین صاحب کی کھیلوں کے فروغ میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں پاکستان مسلم لیگ (ق) ضلع کوئٹہ کے صدر بشیر احمد خان اچکزئی نے جمعہ کو نواب زادہ ریاض بلوچ اسٹیڈیم کا دورہ کیا اس موقع پر اکیڈمی کے جان استاد نے ضلعی صدر کو اکیڈمی کے مسائل سے آگاہ کیا۔ بشیر احمد خان اچکزئی نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے کھیلوں کی کوئی کمی نہیں ہے اگر انہیں مناسب مواقع فراہم کئے جائیں تو صوبے کی کھلاڑی نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک نے کہا کہ مسلم لیگ (ق) کے پارٹی کے قائد

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 6 پر

پنجگور، سراوان اور گرمکان کے درمیان نیون ندی سے نوجوان کی لاش برآمد

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے علاقے سراوان اور گرمکان کے درمیان نیون ندی سے نامعلوم شخص کی لاش برامد ہوئے پولیس نے لاش کو پنجگور اسپتال منتقل کردیا پولیس کے مطابق لاش کے جسم پر گولیوں کے نشانات پائے گئے ہیں بعد میں لاش

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 6 پر

کوئٹہ ریلوے کلب میں پنجگی پریمیئر لیگ کے افتتاحی ایونٹ کے موقع پر ضلع کوئٹہ کے منتخب صدر حاجی عطاء اللہ کنگزئی، ضلعی جنرل سیکرٹری جواد احمد بلوچ اور کوہان ہاکی کلب کے کھلاڑی گفتگو کر رہے ہیں

عوام کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین ترجیح ہے عمر اعوان

پولیس تھانہ میر حسن میں سب انسپکٹر محمد عمر اعوان بطور ایس ایچ او تعینات، امن و امان میں بہتری

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی، ایس ایچ او محمد عمر اعوان

چیستر (این این اے) پولیس تھانہ میر حسن میں ایس ایچ او سب انسپکٹر محمد عمر اعوان کی تعیناتی ، امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ میر حسن میں ایس ایچ او سب انسپکٹر محمد عمر اعوان کی تعیناتی کے بعد علاقے میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری دیکھنے میں آ رہی ہے پولیس کی جانب سے جرائم کے خاتمے ، امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیوں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی گئی ہے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ایس ایچ او محمد عمر اعوان کی تعیناتی کے بعد پولیس اور عوام کے درمیان رابطوں میں اضافہ ہوا ہے، جبکہ امن و امان کی بحالی کے لیے پولیس کی سرگرمیاں بھی تیز ہوئی ہیں پولیس گشت میں اضافہ، مشتبہ افراد کی نگرانی اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے اقدامات سے شہریوں میں تحفظ کا احساس بیدا ہوا ہے پولیس تھانہ میر حسن کی حدود میں امن و امان کو اولین ترجیح ہے، علاقے کے پولیس اہلکاروں کو مزید فعال کیا گیا ہے، جبکہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے ایس ایچ او پولیس تھانہ میر حسن سب انسپکٹر محمد عمر اعوان نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین ترجیح ہے، علاقے میں امن و امان قائم رکھنے اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 6 پر

سوئٹ پشتون آباد میں 4 سال سے پانی کا شدید بحران

واسا افسران اور ملازمین کی غفلت پر تشویش، پرائیویٹ ڈال مافیا کے ذریعے نظام چلانے پر اہالیان علاقہ کا شدید احتجاج

کاری وال میں اپنی ڈیوٹیاں انجام دینے کے بجائے کچھ پیسے دے کر اپنے پاس پرائیویٹ ڈال مافیا رکھے ہوئے ہیں، جو پانی کی ترسیل کے نظام کو بگاڑ رہے ہیں

کوئٹہ(این این اے) پشتون آباد کے رہائشی سید نور خان اچکزئی اور اہالیان پشتون آباد نے کہا ہے کہ پشتون آباد کی جدید آبادی، ٹیوب ویل نمبر 11 میں پچھلے چار سال سے پانی نہ ہونے کے برابر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اہالیان علاقہ واسا کے تمام دفاتر اور انتظامی افسران سے واٹر ٹینکر چلوں کے لیے تگ و دو کر چکے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام تر شدت، جہاں جہاں اور جن جن افسران سے رجوع کیا ہے، اکثر کے جلد صوبائی کنسلٹ اور عدالت کے پاس جائیں گے اور سخت احتجاج پر مجبور ہوں

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 6 پر

سانحہ کوئلہ کان، 34 کان کنوں کی شہادت پر بلوچستان لیبر فیڈریشن کا اظہار افسوس

غفلت کے مرتکب عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، خان زمان

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی نثیر احمد رند ،سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد مرتضیٰ، عارف خان بخاری، دین محمد محسنی ،ملک دیدو کاکی، ملک محمد حسین شکوئی، نظیر خان رند ،عبیداللہ، سید منظور شاہ، فضل محمد جوسفزئی، انجینئر نجیب الدین مری اور دیگر رہنماؤں نے سورج کی کوئلہ کان میں گیس بھرنے کے باعث ہونے والے ہولناک دھماکے میں 34 زندگیوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ کان کن مزدور انتہائی دشوار اور خطرناک حالات میں اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے کے لیے کام کرتے ہیں، مگر افسوس کہ کوئلہ کانوں میں حفاظتی انتظامات کی عدم موجودگی کے باعث آئے روز قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 6 پر

عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے عبدالحفیظ

امداد و امن کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

ٹی پی پولیس بلوچستان وڈی ٹی پی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے

استا محمد (یو این اے) ایس پی ہرنائی انسپکٹر عبدالحفیظ جھرانی نے خیر سال اور امن و امان کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس فورس کی امن و امان کے قیام کے لیے دی جانے والی قربانیوں کو ہرگز فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ان خیالات کا اظہار ایس پی ہرنائی انسپکٹر عبدالحفیظ جھرانی نے خیر سال اور امن و امان کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس فورس کی امن و امان کے قیام کے لیے دی جانے والی قربانیوں کو ہرگز فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ان خیالات کا اظہار

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 6 پر

گندا او: پولیس تھانہ استا محمد صدر میں کھلی کچہری کا انعقاد، عوام کے مسائل سنے گئے

موسم گرما کی مختصر تعطیلات کے بعد تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز 3 اگست 2026 سے ہوگا، اعلامیہ

گورنمنٹ پرائمری سکول مدرسہ بحرالعلوم گھوڑا ہسپتال روڈ چمن 3 اگست سے کھل جائے گا

چمن (یو این اے) ہیڈ ٹیچر گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ عربیہ بحرالعلوم جامع مسجد نور محلہ شیخ الحدیث حضرت مولانا فتح محمد چمنی رحمہ اللہ گھوڑا ہسپتال روڈ چمن نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسم گرما کی مختصر تعطیلات کے بعد ان شاء اللہ 3 اگست 2026 (بروز بدھ) سے سکول میں باقاعدہ تدریسی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز ہوگا۔ انہوں نے تمام والدین اور سرپرستوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو چھٹے ہی دن سے بروقت سکول بھیجنے کو یقینی بنائیں تاکہ ان کا تعلیمی وقت ضائع نہ ہو اور وہ اپنے نصاب و اسباق میں کسی قسم کی کمی یا تاخیر کا شکار نہ ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور والدین، اساتذہ اور طلبہ کے باہمی تعاون سے ہی بہترین تعلیمی نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ لہذا تمام والدین سے

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 6 پر

پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کا مائن حادثے کے ذمہ داروں کو سخت سزا دینے کا مطالبہ

مائنز میں خاتمی انتظامات، مجلکیاری نظام کا خاتمہ، سیفٹی سسٹم اور زائی بلیوا پرائمر کا مکمل تبدیلی جائے ،سلطان خان

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن نے بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے تقریباً چالیس سے پچاس کلومیٹر مشرق کی جانب واقع سورنج کے علاقے چینن کاریز کول فیلڈ میں کوئلے کی کان میں ہونے والے دھماکے سے تقریباً 38 کان کنوں کی ہلاکت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس حادثے کی شفاف ، غیر جانبدارانہ، اعلیٰ سطحی انکوائری کرے و جوابدہ اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے جبکہ غفلت کے مرتکب افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے سخت سزا دی جائے۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان ، مرکزی چیئرمین عبدالستار، معسود بلوچستان کے چیئرمین محمد زمین، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن پنجاب کے چیئرمین رسعید خٹک، عبدالغفور خان، علی شان ، عابد بلوچ، ساجد کھوکھر، سعید اللہ، سلمرمری، سعید بلوچ، مشاکر سلاوی، آل پاکستان لیبر فیڈریشن بلوچستان کے صدر شاہ علی مینگل ، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری اطلاعات وشریات منظور احمد بلوچ اور حاجی سیف اللہ خان نے بلوچستان سمیت ملک بھر میں کان کنی کے دوران پیش آنے والے حادثات کے مسلسل پھیلنے کے کان کنوں کی حفاظت اور تحفظ کو یقینی بنانے میں ناکامی پر گہری تشویش کا

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 6 پر

بیلا، پولیس کی کامیاب کارروائی، موبیٹی چوری کے 3 مقدمات ٹریس، 2 ملزمان گرفتار

بیلا (یو این اے) ایس ایس پی اسپیلا نجیب اللہ پدرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی کامیاب کارروائی، دو موبیٹی چور گرفتار، چوری شدہ (11) شاخ بکریاں برآمد تفصیل کے مطابق ایس ایس پی اسپیلا نجیب اللہ پدرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر SHO بیلہ پارحمد کمانڈو نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے موبیٹی چوری کے تین مقدمات کا سراغ لگا کر ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی۔ بیلا پولیس نے موبیٹی چوری کے تین مقدمات 46/2026، 47/2026، 48/2026 بجرم 379/34 پر کامیابی

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 6 پر

دالبندین کسٹم کی کارروائیاں ضبط شدہ غیر قانونی سامان نذر آتش کردیا

ڈپٹی کمشنر اور سیکورٹی حکام کی موجودگی میں 4 سے 5 سال کے دوران ضبط شدہ منشیات دو گھنٹہ میں تلف کردیے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں کسٹم حکام نے گزشتہ چار سے پانچ برس کے دوران مختلف کارروائیوں میں ضبط کیے گئے اربوں روپے مالیت کے غیر قانونی سامان کو قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد نذر آتش کر دیا۔ کسٹم حکام کے مطابق ضبط شدہ سامان دالبندین کسٹم گودام میں محفوظ رکھا گیا تھا، جس میں سگریٹ، ادویات، چھالیہ، گٹکا، پان، کیمیکلز، منشیات، کاسمیٹکس اور دیگر ممنوعہ و غیر قانونی اشیا شامل تھیں۔ ضبط شدہ سامان کو ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نوشتوانی، اے سی چاغی شیرعلی مزارد، کسٹم کمشنر مسعود فیصل، کسٹم اسسٹنٹ فاطم حسین کھوسہ، کسٹم انجینئر کوئٹری اصغر کاکڑ، ایکسائز انجینئر نورمحمد تھوتھیزئی سمیت دیگر سیکیورٹی اور عسکری حکام کی موجودگی میں تلف کیا گیا۔ کسٹم حکام کا کہنا ہے کہ

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر

کوئٹہ بلوچستان پبلک پراسیکیوٹر کے گزشتہ دنوں صاحبزادہ زبیر بلوچ کے قتل کے خلاف کوئٹہ شاہراہ قائد میں احتجاج کر رہے ہیں

پولیس اور صحافیوں کے درمیان میدان اور چوکی کا رشتہ ہے، اعتزاز عارف

چمن، امن و امان کے قیام کے لیے پولیس گشت میں اضافہ، غیر قانونی افغان مہاجرین کے خلاف روزانہ آپریشن جاری

جرائم کے خاتمے کے لیے عوام اور میڈیا کا تعاون ناگزیر ہے، ڈی پی او اعتزاز عارف

چمن (یو این اے) امن و امان کے قیام کے لیے پولیس گشت میں اضافہ، غیر قانونی افغان مہاجرین کے خلاف روزانہ آپریشن جاری، ڈی پی او اعتزاز عارف ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) اعتزاز عارف نے کہا ہے کہ چمن میں امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے پولیس گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ مشکوک ویڈیو اٹم ٹنم ہونے کے بعد غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر آپریشن بھی جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چمن پریس کلب کے صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر

کوئٹہ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ڈیرہ بگٹی کے دورے کے موقع پر ضلع کوئٹہ کے صحافی، خالد اسحٰق، ضلعی صدر حاجی عطاء اللہ کنگزئی، ضلعی جنرل سیکرٹری جواد احمد بلوچ اور کوہان ہاکی کلب کے کھلاڑی گفتگو کر رہے ہیں

بلڈ بینک کے فعال ہونے سے مریضوں کو بروقت تحفظ اور معیاری خون کی فراہمی ممکن ہو سکے گی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی کے بعد تلام گدر بگٹی کے سیول ہسپتال میں بلڈ بینک کے مکمل طور پر فعال ہونے کا اعلان کرتے ہوئے اس ضلع کے عوام کے لیے صحت کے شعبے میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ بلڈ بینک کے فعال ہونے سے مریضوں کو بروقت، محفوظ اور معیاری خون کی فراہمی ممکن ہو سکے گی، جس سے بیش قیمتی جانیں بچانے میں مدد ملے گی اور بیٹھا بلیں صورتحال سے موثر انداز میں نمٹا جا سکے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے پیغام میں کہا کہ "الحمدللہ! عوام ڈیرہ بگٹی کے لیے ایک اور اہم سنگ میل عبور کر لیا گیا۔ مجھے یہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 6 پر

سورنج کوئلہ کان میں گیس دھماکہ، 34 سے زائد مزدوروں کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے، بلوچستان لیبر فیڈریشن

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی نثیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد مرتضیٰ، عارف خان بخاری، دین محمد محسنی ،ملک دیدو کاکی، ملک محمد حسین شکوئی، نظیر خان رند ،عبیداللہ، سید منظور شاہ، فضل محمد جوسفزئی، انجینئر نجیب الدین مری اور دیگر رہنماؤں نے سورنج کوئلہ کان میں گیس بھرنے کے باعث ہونے والے ہولناک دھماکے میں 34 زندگیوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ کان کن مزدور انتہائی دشوار اور خطرناک حالات میں

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر

بلوچستان کے جزیرہ اور انیر ڈزڈ ساحلی قصبہ ماشونڈ میں جدید ٹورازم ریزورٹ بنایا جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق ، سیکرٹری جنرل حاجی عبدالصمد ، ضلعی امیر مولانا خورشید احمد ،سیکرٹری اطلاعات حاجی صالح محمد مقتدیٰ رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 6 پر

معروف قبائلی و سماجی شخصیت اور سابق ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی کا حیدرآباد میں انتقال کر گئے

مرحوم ایک نیک دل، ملنسار اور انسان دوست شخصیت کے مالک تھے، سیاسی و سماجی رہنماؤں کا خراج عقیدت

گندا او (یو این اے) معروف قبائلی، سماجی شخصیت اور محکمہ صحت کے ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی طویل علالت کے بعد آج حیدرآباد میں انتقال کر گئے۔ ان کی وفات کی خبر نہ کر سیاسی، سماجی، قبائلی اور عوامی حلقوں میں گہرے دکھ اور افسوس کی لہر دوڑ گئی۔ تعزیتی بیانات میں مقررین نے کہا کہ مرحوم ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی ایک نہایت نیک دل، ملنسار، خوش اخلاق اور باوقار شخصیت کے مالک تھے، جنہوں نے پوری زندگی انسانیت کی خدمت، بھائی چارے، محبت، رواداری اور باہمی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ وہ پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران غریب، نادار اور مستحق مریضوں کے ساتھ انتہائی شفقت، ہمدردی اور خندہ پیشانی سے پیش آتے تھے، جس کی وجہ سے انہیں عوام میں بے حد عزت و احترام حاصل تھا۔ سیاسی، سماجی اور عوامی رہنماء نے اپنے تعزیتی بیانات میں کہا کہ ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی کی وفات گندا اور گردوواح کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان اور عظیم سانحہ ہے۔ ان کی علمی، سماجی اور فلاحی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا، جبکہ ان کا اخلاق، کردار اور انسان دوستی آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ رہے گی۔ رہنماء نے مرحوم کے درجات کی بلندی، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 6 پر

گذانی، عوامی سوشل ویلفیئر حب کا ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داومند وخیل کو خراج تحسین

عوامی مسائل کا فوری حل اور ملنسار رویہ قابل ستائش ہے، میر مبارک بلوچ اور کامریڈ عبدالغفور خان کیزئی

گذانی (یو این اے) عوامی سوشل ویلفیئر حب کے سرپرست اعلیٰ میر مبارک بلوچ چیئرمین کامریڈ عبدالغفور خان کیزئی نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داومند وخیل ایک ذمہ دار ملنسار شخص ہیں کیونکہ ان کے دروازے ہر عام و خاص کیلئے کھلے رہتے ہیں وہ حب و کیچ میں بھی جو ذوری حل طلب مسائل ہیں ان پر فوری

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 6 پر

سوئٹ پشتون آباد میں 4 سال سے پانی کا شدید بحران

واسا افسران اور ملازمین کی غفلت پر تشویش، پرائیویٹ ڈال مافیا کے ذریعے نظام چلانے پر اہالیان علاقہ کا شدید احتجاج

کاری وال میں اپنی ڈیوٹیاں انجام دینے کے بجائے کچھ پیسے دے کر اپنے پاس پرائیویٹ ڈال مافیا رکھے ہوئے ہیں، جو پانی کی ترسیل کے نظام کو بگاڑ رہے ہیں

کوئٹہ(این این اے) پشتون آباد کے رہائشی سید نور خان اچکزئی اور اہالیان پشتون آباد نے کہا ہے کہ پشتون آباد کی جدید آبادی، ٹیوب ویل نمبر 11 میں پچھلے چار سال سے پانی نہ ہونے کے برابر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اہالیان علاقہ واسا کے تمام دفاتر اور انتظامی افسران سے واٹر ٹینکر چلوں کے لیے تگ و دو کر چکے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام تر شدت، جہاں جہاں اور جن جن افسران سے رجوع کیا ہے، اکثر کے جلد صوبائی کنسلٹ اور عدالت کے پاس جائیں گے اور سخت احتجاج پر مجبور ہوں

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 6 پر

سوئٹ پشتون آباد میں 4 سال سے پانی کا شدید بحران

واسا افسران اور ملازمین کی غفلت پر تشویش، پرائیویٹ ڈال مافیا کے ذریعے نظام چلانے پر اہالیان علاقہ کا شدید احتجاج

کاری وال میں اپنی ڈیوٹیاں انجام دینے کے بجائے کچھ پیسے دے کر اپنے پاس پرائیویٹ ڈال مافیا رکھے ہوئے ہیں، جو پانی کی ترسیل کے نظام کو بگاڑ رہے ہیں

کوئٹہ(این این اے) پشتون آباد کے رہائشی سید نور خان اچکزئی اور اہالیان پشتون آباد نے کہا ہے کہ پشتون آباد کی جدید آبادی، ٹیوب ویل نمبر 11 میں پچھلے چار سال سے پانی نہ ہونے کے برابر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اہالیان علاقہ واسا کے تمام دفاتر اور انتظامی افسران سے واٹر ٹینکر چلوں کے لیے تگ و دو کر چکے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام تر شدت، جہاں جہاں اور جن جن افسران سے رجوع کیا ہے، اکثر کے جلد صوبائی کنسلٹ اور عدالت کے پاس جائیں گے اور سخت احتجاج پر مجبور ہوں

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 6 پر

چیک اور چیونگی بارڈرز کی نوٹ لسٹوں میں اضافہ، آل پارٹیز پریس کانفرنس میں کانفرنس میں کانفرنس میں

روزنامہ عصر نو
Daily ASR-E-NAU MESTUNG
چیف ایڈیٹر: عبدالشکور رضا لاوری
قیمت 10 روپے
فون/فیکس 081-2838043
081-2821663
0333-7833669-0333-7833667
Daily.asrenau@gmail.com

چیف ایڈیٹر عبدالشکور رضا لاوری نے اکبریم پرنٹنگ پریس سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر ہیرو آفسز بلیل روڈ مستونگ سے شائع کیا

بھارتی پراکسیز کی دہشت گردانہ سرگرمیوں میں اضافہ اور ہماری قومی ذمہ داریاں

سکیورٹی فورسز نے خیبر پی کے اور بلوچستان میں انٹیلی جنس بنیادوں پر مشترکہ کارروائیوں کے دوران 36 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سوات میں پولیس اور سی ٹی ڈی کے مشترکہ اپریشن کے دوران چار خوارج ہلاک جبکہ ایلیٹ فورس کا ایک جوان شہید ہو گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتنہ الہندوستان اور خوارج کے خلاف جاری اپریشن میں 28 اور 29 جولائی کی درمیانی شب ضلع خیبر میں متعدد انٹیلی جنس بنیادوں پر علاقے کی کلیئرنس اور اپریشن کئے گئے۔ سکیورٹی فورسز نے متعدد دہشت گرد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور فتنہ الخوارج کے 24 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ اسی طرح بلوچستان کے ضلع نوشکی میں بھی انٹیلی جنس بنیادوں پر اپریشن کیا گیا جس کے دوران فورسز کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں آٹھ دہشت گرد مارے گئے۔ دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد برامد کر کے تباہ کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج نے اس حوالے سے بتایا کہ متعلقہ علاقوں میں کلیئرنس اپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق وفاقی ایکس کمیٹی کے منظور کردہ قومی ایکشن پلان کے تحت سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں پوری قوت سے جاری رکھیں گے۔ دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پی کے اور بلوچستان میں خوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کامیاب اپریشن میں 36 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بھارت کی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت سے ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔، قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو کہیں چھپنے کو جگہ نہیں ملے گی۔ علاوہ ازیں مٹہ سوات میں گذشتہ روز پولیس اور سی ٹی ڈی نے مشترکہ کارروائی کر کے چار خارجیوں کو جہنم واصل کر دیا جبکہ اہلیٹ فورس کا ایک جوان شہید ہو گیا۔ یہ خوارج ایک مکان میں پناہ لے کر اہلکاٹنانہ کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کر رہے تھے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق دہشت گردوں نے ضلع ہنگو میں خزینہ بانڈہ چیک پوسٹ پر حملہ کر کے ڈی ایس پی دریا خاں سمیت سات اہلکاروں کو شہید کر دیا جبکہ ڈی ایس پی مجاہد حسین سمیت 22 اہلکار زخمی ہو گئے۔ اسی طرح ضلع کیچ تربت کے نواحی علاقے درمکول پیدراک میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ دوسری جانب راولا کوٹ آزاد کشمیر میں مسلح جتھے کے حملوں میں ایک رینجر اہلکار شہید ہو گیا۔ ایس ایس پی آزاد کشمیر خاور علی شوکت نے اس حوالے سے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ مسلح حملہ آور شہر کی مختلف عمارتوں میں مورچہ بند ہیں جن کے تانے بانے کسی اور جگہ سے ملتے ہیں اداروں پر حملے نا قابل قبول ہیں، ان شر پسند حملہ آوروں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ یہ اظہر من الشمس حقیقت ہے کہ پاکستان اس وقت دہشت گردی کی ایک نئی اور منظم لہر کا سامنا کر رہا ہے۔ خیبر پختونخوا، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم پراکسی گروہوں، فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان اور دیگر انتہا پسند عناصر کی کارروائیوں میں حالیہ اضافہ اس امر کی گواہی ہے کہ پاکستان کے خلاف ہمارے ازلی دشمن بھارت کی سازشیں اس وقت شدومد سے جاری ہیں اور بدلتے ہوئے حالات کے مطابق دشمن نئی حکمت عملی کے ساتھ اپنی پراکسیز کو پاکستان میں دہشت گردی کے لئے متحرک کئے ہوئے ہے۔ بے شک پاکستان کی سکیورٹی فورسز ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں اور بے مثال کامیابیاں حاصل کر رہی ہیں تاہم ان کامیابیوں کی قیمت ہمارے بہادر افسروں اور جوانوں کی قیمتی جانوں کی صورت میں ادا کی جا رہی ہے، جس پر پوری قوم کو دکھ بھی ہے اور فخر بھی۔ یہ امر واقع ہے کہ دشمن پاکستان کے مختلف خطوں میں بدامنی پھیلانے کے لیے متعدد محاذ کھولنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس کی پراکسیز کے حملے صرف سکیورٹی فورسز پر نہیں بلکہ پاکستان کے امن، استحکام اور قومی وحدت پر حملے ہیں۔ بھارت کی پاکستان دشمنی پر مبنی پالیسی کسی سے ڈھکی چھپی تو نہیں۔ قیام پاکستان کے بعد سے وہ مختلف ادوار میں سفارتی، سیاسی، معاشی اور عسکری محاذوں پر پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا رہا ہے اور جب بھی اسے براہ راست کامیابی حاصل نہیں ہوئی تو اس نے پراکسی گروہوں، دہشت گرد تنظیموں اور علیحدگی پسند عناصر کو استعمال کرنے کی حکمت عملی اختیار کی۔ بلوچستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر میں دہشت گردی کی حالیہ وارداتیں اسی کا تسلسل ہیں، جن کا مقصد پاکستان کی اندرونی سلامتی کو نقصان پہنچانا، اس کے ترقیاتی منصوبوں کو روکنا اور عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنا ہے۔ یہ امر خوش آئیند اور قابل اطمینان ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج، پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور انٹیلی جنس ایجنسیاں مکمل چوکس ہیں

* آبنائے ہرمز: طاقت کی سیاست سے تعاون کی معیشت تک *

دنیا کی سیاست میں بعض خبریں محض خبر نہیں ہوتیں بلکہ مستقبل کے عالمی منظرنامے کا ابتدائی خاکہ ثابت ہوتی ہیں۔ آبنائے ہرمز سے متعلق عمان کی جانب سے ایران کو پیش کیا جانے والا رضاکارانہ بحری فیس کا منصوبہ بھی ایسی ہی ایک پیش رفت ہے جس کے اثرات صرف خلیج تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ عالمی معیشت، توانائی کی منڈی، بین الاقوامی قانون، علاقائی سفارت کاری اور بڑی طاقتوں کی حکمت عملی پر بھی مرتب ہوں گے۔ یہ منصوبہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ کئی برسوں سے آبنائے ہرمز دنیا کی خطرناک ترین جغرافیائی سیاسی کشمکش کا مرکز بنی ہوئی ہے اور ہر بحران کے بعد یہی سوال اٹھتا رہا ہے کہ کیا دنیا اپنی توانائی کی شرگ کو مسلسل سیاسی تنازعات کا یرغمال بنائے رکھ سکتی ہے؟

آبنائے ہرمز محض ایک سمندری راستہ نہیں بلکہ عالمی معیشت کی شرگ ہے۔ دنیا کے خام تیل اور قدرتی گیس کی ایک بڑی مقدار اسی گزرگاہ سے عالمی منڈیوں تک پہنچتی ہے۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت، عراق، قطر اور ایران سمیت متعدد ممالک کی برآمدات اسی راستے کی مرہون منت ہیں۔ اگر اس راہداری میں چند روز کے لیے بھی رکاوٹ پیدا ہو جائے تو تین الاقوامی منڈی میں تیل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیں، بحری انشورنس مہنگی ہو جاتی ہے، سپلائی چین متاثر ہوتی ہے اور دنیا کی بڑی معیشتیں فوری دباؤ کا شکار ہو جاتی ہیں۔ گزشتہ برسوں میں ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی، بحری جہازوں کی پکڑ دھکڑ، پابندیوں، ڈرون حملوں اور اسرائیل۔ ایران تنازع کے باعث آبنائے ہرمز بارہا عالمی خبروں کا مرکز بنی رہی۔ ایران نے متعدد مواقع پر عندیہ دیا کہ اگر اس کی تیل برآمدات روکی گئیں تو وہ آبنائے ہرمز بند کرنے پر مجبور ہو سکتا ہے، جبکہ امریکہ اور مغربی اتحادیوں نے ہمیشہ اس امکان کو عالمی تجارت کے خلاف اقدام قرار دیتے ہوئے بحری موجودگی میں اضافہ کیا۔ اس

عصمت اللہ کاکڑ

ماحول نے خلیج کو مستقل عسکری دباؤ میں رکھا۔

ایسے حالات میں عمان کی جانب سے پیش کیا جانے والا منصوبہ اس لیے اہم ہے کہ یہ طاقت کے استعمال کے بجائے مفاہمت اور مشترکہ مفاد کی بنیاد پر ایک نیا راستہ تجویز کرتا ہے۔ اس تجویز کے مطابق آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی جہازوں سے لازمی نہیں بلکہ رضاکارانہ بنیادوں پر فیس یا عطیات وصول کیے جائیں تاکہ جہاز رانی کی حفاظت، ماحولیاتی تحفظ، سرچ اینڈ ریسکیو آپریشنز اور بحری انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے مشترکہ فنڈ قائم کیا جا سکے۔ یہ تصور نیا نہیں۔ جنوب مشرقی ایشیا کی آبنائے مالاکا میں کئی برسوں سے اسی نوعیت کا تعاون موجود ہے جہاں انڈونیشیا، ملائیشیا اور سنگاپور باہمی اشتراک سے دنیا کی مصروف ترین بحری گزرگاہ کو محفوظ بنائے ہوئے ہیں۔ وہاں بحری سلامتی کو کسی ایک ریاست کی اجارہ داری کے بجائے مشترکہ ذمہ داری تصور کیا جاتا ہے۔ عمان اسی ماڈل کو خلیج میں متعارف کرانا چاہتا ہے۔ اگرچہ بظاہر یہ ایک معاشی اور انتظامی تجویز ہے لیکن اس کے اندر ایک گہرا سیاسی پیغام بھی پوشیدہ ہے۔ دراصل اس منصوبے کا مقصد آبنائے ہرمز کے انتظام کو کسی ایک ملک کی مکمل گرفت سے نکال کر مشترکہ ذمہ داری کی شکل دینا ہے تاکہ مستقبل میں کسی بھی ملک کے لیے اس گزرگاہ کو سیاسی دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال کرنا آسان نہ رہے۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی کی یہ تجویز کہ ایک سمت کی بحری ٹریفک ایران جبکہ دوسری سمت کے بعض حصے کی نگرانی عمان کرے، اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ تہران بھی مکمل تصادم کے بجائے کسی نہ کسی قابل قبول انتظامی فارمولے پر غور کرنے کے لیے تیار دکھائی دیتا ہے۔ اگر یہ پیش رفت عملی صورت اختیار کرتی ہے تو خلیج میں اعتمادسازی کا ایک نیا باب کھل سکتا ہے۔ تاہم اس منصوبے کے راستے میں کئی پیچیدہ سوالات بھی موجود ہیں۔ سب سے اہم مسئلہ بین الاقوامی قانون کا ہے۔ اقوام متحدہ کے قانون برائے سمندر (UNCLOS) کے تحت بین الاقوامی آبی گزرگاہوں میں آزادانہ آمدورفت ایک بنیادی اصول ہے۔ تو ہمیں اپنے عشق کا اسیر نو جائزہ لینا ہوگا۔ ہم نے محبت کو غموں میں تو محفوظ کر لیا، مگر کردار میں کم کر دیا۔ ہم درود تو کثرت سے پڑھتے ہیں، مگر زبان سے دوسروں کے دل بھی دکھا دیتے ہیں ہم مسجد نبوی کی تصویریں دیکھ کر اشک بہاتے ہیں، مگر اپنے گھروں میں رحم، برداشت اور انصاف پیدا نہیں کر پاتے۔ حالانکہ مسجد نبوی ہمیں صرف رونے کی نہیں، بدلنے کی دعوت دیتی ہے۔ مدینہ کی سب سے بڑی خوشبو اس کے پتھروں میں نہیں، اس کی تعلیم میں ہے۔ وہ تعلیم جو کہتی ہے کہ پڑوسی بھوکا نہ سوئے، یتیم تنہا نہ رہے، کمزور پر ظلم نہ ہو، عورت کی عزت محفوظ ہو، تاجر دھوکا نہ دے، حاکم انصاف کرے اور عام مسلمان اپنے بھائی کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ امتِ مسلمہ کی تاریخ گواہ ہے کہ جب تک اس نے مسجد نبوی کے پیغام کو اپنے کردار میں زندہ رکھا، دنیا اس کی عظمت کی معترف رہی اور جب ہم نے اس پیغام کو کتابوں تک محدود کر دیا، تو ہماری صفوں میں اختلاف، ہمارے بازاروں میں بے ایمانی، ہمارے گھروں میں بے سکونی اور ہمارے معاشروں میں بے اعتمادی بڑھتی چلی گئی۔ آج دنیا ایک مرتبہ پھر امن کی تلاش میں ہے۔ انسان ترقی کے باوجود بے سکون ہے۔ دولت بڑھ گئی ہے مگر دل خالی ہیں۔ سہولتیں بڑھ گئی ہیں مگر محبت کم ہو گئی ہے۔ ایسے وقت میں اگر کسی چراغ کی روشنی انسانیت کو راستہ دکھا سکتی ہے تو وہ وہی چراغ ہے جو مسجد نبوی سے روشن ہوا تھا۔ ہم اپنے بچوں کو صرف یہ نہ بتائیں کہ مسجد نبوی کہاں ہے، بلکہ یہ بھی بتائیں کہ وہاں سے دنیا کو کیا ملا۔ انہیں سکھائیں کہ رسول اللہ ﷺ نے معاف کرنا سکھایا، وعدہ نبھانا سکھایا، سچ بولنا سکھایا، امانت ادا کرنا سکھایا، اور ہر انسان کے ساتھ حسنِ سلوک کا درس دیا۔ یہی محبتِ رسول ﷺ ہے، اور یہی مدینہ کا اصل پیغام ہے۔ کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو ہر نماز کے بعد ایک ہی دعا کرتے ہیں: "یا اللہ! ایک بار اپنے محبوب ﷺ کے شہر کی حاضری نصیب فرما۔" یہ دعا صرف سفر کی دعا نہیں، یہ دل کے زندہ ہونے کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر اس دل کو جانتا ہے جو مدینہ کے لیے تڑپتا ہے۔ وہ ﷺ نخلوں کے اشک بھی دیکھتا ہے اور سینے کی خاموش دعائیں بھی سنتا ہے۔ آئیے! آج ہم ایک نیا عہد کریں۔ اگر ابھی مدینہ جانا نصیب نہیں ہوا تو مدینہ کی خوشبو اپنے کردار میں پیدا کریں۔ اپنے گھروں کو محبت کا گہوارہ بنائیں، اپنے کاروبار کو دیانت سے آراستہ کریں، اپنی زبان کو سچائی سے روشن کریں، اپنے دل کو درود پاک سے آباد رکھیں، اور اپنی زندگی کو سنتِ رسول ﷺ کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں۔ یاد رکھیے! مسجد نبوی سے محبت کا سب سے خوبصورت اظہار صرف وہاں کھڑے ہو کر سلام پیش کرنا نہیں، بلکہ دنیا کے ہر کونے میں رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کا چلتا پھرتا نمونہ بن جانا ہے۔ اللہ کرے کہ وہ دن جلد آئے جب ہمارے نام بھی ان خوش نصیبوں میں لکھ دیئے جائیں جو مسجد نبوی کے صحن میں کھڑے ہو کر ادب سے سلام عرض کریں

مسجد نبوی، مدینہ ہر دل کی آواز جب مدینہ دل میں اترتا ہے

بعض شہر نقشوں پر آباد ہوتے ہیں، اور بعض دلوں میں۔ دنیا کے ہر خطے میں ایسے شہر موجود ہیں جو اپنی تاریخ، اپنی تہذیب یا اپنی بلند عمارتوں کی وجہ سے پہچانے جاتے ہیں، لیکن روئے زمین پر ایک شہر ایسا بھی ہے جس کا ذکر آتے ہی ایمان میں ایک لرزش پیدا ہو جاتی ہے، آنکھیں بے اختیار بھیگ جاتی ہیں اور لبوں پر درود پاک جاری ہو جاتا ہے وہ مدینہ منورہ ہے اور اس شہر کی روح مسجد نبوی ہے۔

یہ کیسی محبت ہے کہ ایک شخص ہزاروں میل دور بیٹھا ہے، پھر بھی اس نے مدینہ کی گلیاں نہیں دیکھیں، مسجد نبوی کے ستونوں سے لپٹ کر دعا نہیں مانگی، روضہ رسول ﷺ کے سامنے کھڑے ہونے کی سعادت نہیں پائی، مگر اس کے باوجود جب کوئی "مدینہ" کا نام لیتا ہے تو اس کا دل بے اختیار دھڑکنے لگتا ہے۔ یہ محبت کسی جغرافیے کی پیداوار نہیں، یہ ایمان کی خوشبو ہے۔ یہ وہ نسبت ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب حضرت محمد ﷺ کی ذات اقدس کے ذریعے امت کے دلوں میں رکھ دی۔

مدینہ کی محبت کا آغاز آنکھ سے نہیں، دل سے ہوتا ہے۔ جو شخص رسول اکرم ﷺ سے محبت کرتا ہے، اس کے دل میں مدینہ خود بخود آباد ہو جاتا ہے وہ جب درود پڑھتا ہے تو اس کے تصور میں مسجد نبوی کا مہتاب ﷺ رسکون صحن، اذان کی دل نشین صدا، اور وہ مبارک ماحول آ جاتا ہے جہاں سے رحمتِ عالم ﷺ نے پوری انسانیت کو محبت، عدل، عفو، حلم اور اخوت کا پیغام دیا۔

مسجد نبوی صرف ایک عبادت گاہ نہیں۔ یہ وہ درس گاہ ہے جہاں انسانوں کو انسان بننا سکھایا گیا۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں غلام اور

محمد اکرم چوہدری

آقا ایک صف میں کھڑے ہوئے، جہاں دولت اور غربت کا فرق مٹ گیا، جہاں نسل اور رنگ کے امتیازات ختم ہوئے، اور جہاں یہ اعلان عملی صورت میں دنیا نے دیکھا کہ عزت کا معیار صرف تقویٰ ہے۔

آج بھی جب کوئی خوش نصیب پہلی مرتبہ مسجد نبوی کے صحن میں قدم رکھتا ہے تو وہ خود کو بدلتا ہوا محسوس کرتا ہے۔ شور تھم ہو جاتا ہے، دل کی بے چینی جیسے کسی نے اپنے ہاتھ سے اٹھالی ہو، اور روح ایک ایسے سکون سے آ جاتی ہے جسے الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ شاید اسی لیے جو ایک بار مدینہ چلا جاتا ہے، اس کا جسم واپس آ جاتا ہے مگر دل وہیں رہ جاتا ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا مسجد نبوی سے محبت صرف سبز گنبد کو دیکھ لینے کا نام ہے؟ کیا عشقِ مدینہ صرف سفر کی ایک یاد ہے؟ اگر ایسا ہوتا تو مدینہ میں بھی مدینہ میں رہتے تھے۔ اصل محبت تو وہ ہے جو انسان کے کردار کو بدل دے۔ رسول اکرم ﷺ نے اسی مسجد میں بیٹھ کر جھوٹ کے بجائے سچائی، خیانت کے بجائے امانت، انتقام کے بجائے معافی، غرور کے بجائے عاجزی اور نفرت کے بجائے محبت کا سبق دیا۔ اگر آج ہمارا اخلاق ان تعلیمات سے خالی ہے تو ہمیں اپنے عشق کو سرنو جائزہ لینا ہوگا۔ ہم نے محبت کو غموں میں تو محفوظ کر لیا، مگر کردار میں کم کر دیا۔ ہم درود تو کثرت سے پڑھتے ہیں، مگر زبان سے دوسروں کے دل بھی دکھا دیتے ہیں ہم مسجد نبوی کی تصویریں دیکھ کر اشک بہاتے ہیں، مگر اپنے گھروں میں رحم، برداشت اور انصاف پیدا نہیں کر پاتے۔ حالانکہ مسجد نبوی ہمیں صرف رونے کی نہیں، بدلنے کی دعوت دیتی ہے۔

مدینہ کی سب سے بڑی خوشبو اس کے پتھروں میں نہیں، اس کی تعلیم میں ہے۔ وہ تعلیم جو کہتی ہے کہ پڑوسی بھوکا نہ سوئے، یتیم تنہا نہ رہے، کمزور پر ظلم نہ ہو، عورت کی عزت محفوظ ہو، تاجر دھوکا نہ دے، حاکم انصاف کرے اور عام مسلمان اپنے بھائی کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

امتِ مسلمہ کی تاریخ گواہ ہے کہ جب تک اس نے مسجد نبوی کے پیغام کو اپنے کردار میں زندہ رکھا، دنیا اس کی عظمت کی معترف رہی اور جب ہم نے اس پیغام کو کتابوں تک محدود کر دیا، تو ہماری صفوں میں اختلاف، ہمارے بازاروں میں بے ایمانی، ہمارے گھروں میں بے سکونی اور ہمارے معاشروں میں بے اعتمادی بڑھتی چلی گئی۔

